نضر الله امرأ سمع منا حديثا فحفظه
رسول الله ﷺ کے
۲۰۰
جوامع الكلم
مرتبہ
حفظہ اللہ
قاري صفي الله مصلح
ناشر: دارابن الصلاح للنشروالتوزيع شہدادپورسندھ

نضر الله امرأ سمع منا حديثا فحفظه
رسول اللہ ﷺ کے
٢٠٠
جوامع الكلم
مرتبہ
حفظہ اللہ
قاري صفي اللہ مصلح
ناشر: دارابن الصلاح للنشروالتوزيع شهدادپورسندھ

کتاب : ...... رسول اللہ ﷺ کے ۲۰۰ جوامع الکلم

مرتب : ...... قاری صفی اللہ مصلح حفظہ اللہ

ناشر : ...... دار ابن الصلاح للنشر والتوزیع شہداد پور سندھ

ھدیہ : .....

ہماری مطبوعات کے حصول کے لئے رابطہ فرمائیں۔

سندھ:

پنجاب:

خیبر پختونخواہ:

عرض ناشر

الحمدلله رب العالمین الصلوٰۃ والسلام علی اشرف الانبیاء والمرسلین

امابعد:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرامین کو سننا، سنانا، یاد کرنا اور آگے پھیلانا عظیم ترین عمل ہے ،اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کا تقاضا بھی یہی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے شخص کے لیے دعا فرمائی ہے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرامین کو سنتا اور یاد کرتا ہے ((نضر اللّٰہ امرا سمع منا حدیثا فحفظہ)) (رواہ ابو داوٗد والترمذی) ترجمہ: اللّٰہ تعالیٰ ایسے شخص کو خوش وخرم رکھے

جو ہم سے احادیث سنتا اور یاد کرتا ہے۔

اس دعا کو حاصل کرنے کے لیے صحابہ کرام ،تابعین، تبع تابعین ،اور محدثین عظام نے دور دراز علاقوں کا سفر کیا اور اپنی پوری زندگی اسی خدمت حدیث میں صرف کردی جن کو آج دنیا امام بخاری، مسلم ،ابوداود، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، بیہقی، ابنِ خزیمہ ، شافعی، مالک، احمد بن حنبل رحمہم اللہ کے نام سے پہچانتی ہے

ہمارے فاضل نوجوان قاری ابوحمزہ صفی اللہ مصلح حفظہ اللہ نے چھوٹے بچوں کے لیے یہ مختصر احادیث جمع کی ہیں تاکہ بچوں کے دل میں احادیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت ومحبت پیدا ہوسکے۔

اللّٰہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس کتاب کو شرف قبولیت سے نواز کر مرتب ،اور میرے لیے، میرے والدین واساتذہ، واہل خانہ وجملہ معاونین کے لیے صدقۂ جاریہ اور درجات کی بلندی کا باعث بنائے آمین یارب العالمین

محمد سلیمان بن صلاح الدین محمدی شہدادپور سندھ

خادم دار ابن الصلاح للنشر والتوزیع شہدادپور سندھ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

عربی	ترجمہ
(1) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : إِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ (صحیح بخاری 1)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اعمال کا دارومدار نیت پر ہے
(2) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : اَلدِّیْنُ النَّصِیْحَةُ (مسلم 55)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دین (سراسر) خیر خواہی ہے
(3) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : اَلْمُؤْمِنُ مِرْآةُ الْمُؤْمِنِ (سنن ابی داؤد 4918)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مومن مومن کا آئینہ ہے
(4) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : اَلْمُؤْمِنُ أَخُو الْمُؤْمِنِ (سنن ابی داؤد 4918)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مومن مومن کا بھائی ہے
(5) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : اَلْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ (بخاری 6026)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مومن (دوسرے) مومن کے لیے عمارت کی مانند ہے
(6) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : اَلْمُؤْمِنُوْنَ كَرَجُلٍ وَاحِدٍ (مسلم 2586)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تمام مومن ایک شخص کی مانند ہیں
(7) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : اَلْمُسْلِمُوْنَ كَرَجُلٍ وَاحِدٍ (مسلم 2586)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تمام مسلمان ایک شخص کی مانند ہیں

(8)قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : اَلْمُؤْمِنُ مَأْلَفٌ (مسند احمد 9198)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مومن الفت کا مسکن ہے
(9)قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : اَلْمُؤْمِنُ لَا يَنْجُسُ (بخاری 285)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مومن ناپاک نہیں ہوتا
(10)قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ :اَلْمُؤْمِنُ يَمُوْتُ بِعَرَقِ الْجَبِيْنِ (ترمذی 982)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مومن پیشانی کے پسینے سے فوت ہوتا ہے
(11)قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : لَا تُصَاحِبْ إِلَّا مُؤْمِنًا (ابوداؤد 4832)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا صرف مومن کی صحبت اختیار کر
(12)قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : اَلرَّجُلُ عَلٰى دِيْنِ خَلِيْلِهٖ (ابوداؤد 4833)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا انسان اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے
(13)قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ (بخاری 6169)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا انسان اس کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرتا ہے
(14)قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : بَلِّغُوْا عَنِّيْ وَلَوْ آيَةً (بخاری 3461)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میرا پیغام پہنچاؤ اگرچہ ایک آیت ہی ہو
(15)قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : مَنْ صَمَتَ نَجَا (ترمذی 2501)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو خاموش رہا وہ کامیاب ہوا

(16)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَكْثَرْتُ عَلَيْكُمْ فِي السِّوَاكِ (بخاری888)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں تمھیں مسواک کرنے کے متعلق بہت تلقین کر چکا ہوں
(17)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : عَلَيْكُمْ بِالسَّكِيْنَةِ (بخاری1671)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سکون اختیار کرو
(18)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ اللهَ حَرَّمَ عَلَيْكُمْ عُقُوْقَ الأُمَّهَاتِ (بخاری2408)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے تم پر ماؤوں کی نافرمانی کو حرام قرار دیا ہے
(19)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : عَلَيْكُمْ بِمَا تُطِيْقُوْنَ (بخاری43)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا طاقت کے مطابق عمل کرو
(20)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ (مسلم2607)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سچائی اختیار کرو
(21)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :عَلَيْكُمْ بِالْأَسْوَدِ الْبَهِيْمِ (مسلم1572)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم کالے سیاہ کتے کو قتل کرو
(22)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : عَلَيْكُمْ بِالدُّلْجَةِ (ابوداؤد2571)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا رات کے پہلے پہر میں سفر کیا کرو
(23)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : عَلَيْكُمْ بِهٰذِهِ الْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ (ترمذی2041)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم لوگ اس کالے دانہ (کلونجی) کو لازمی استعمال کرو

(24) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : عَلَيْكُمْ بِالْجَمَاعَةِ (ترمذی2165)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جماعت کو لازم پکڑو
(25) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : عَلَيْكُمْ بِقِيَامِ اللَّيْلِ (ترمذی3549)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قیام اللیل اختیار کرو
(26) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : عَلَيْكُمْ بِغَدَاءِ السُّحُوْرِ (سنن نسائی2164)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سحری کا کھانا کھایا کرو
(27) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ، عَلَيْكُمْ بِالْبَاءَةِ (نسائی2239)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے نوجوانو نکاح کرو
(28) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : عَلَيْكُمْ بِرُخْصَةِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَاقْبَلُوْهَا (نسائی2260)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ کی رخصت سے فائدہ اٹھاؤ اور اسے قبول کرو
(29) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : عَلَيْكُمْ بِالْبَيَاضِ مِنَ الثِّيَابِ (نسائی5323)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم سفید لباس اختیار کرو
(30) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : عَلَيْكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ (ابن ماجہ42)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کا تقویٰ اختیار کرو
(31) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِيْ (ابن ماجہ42)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری سنت کو لازم پکڑو

(32) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : عَلَيْكُمْ بِالْإِثْمِدِ (ابن ماجہ 3495)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اثمد (سرمہ) اپنے اوپر لازم کرو
(33) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : عَلَيْكُمْ بِهٰذَا الْعُوْدِ الهِنْدِيِّ (بخاری 5715)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا عود ہندی کو اختیار کرو
(34) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِيَّاكُمْ وَالْوِصَالَ (بخاری 1966)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا (صوم) وصال سے بچو
(35) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِيَّاكُمْ وَالْجُلُوسَ عَلَى الطُّرُقَاتِ (بخاری 2465)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا راستے میں بیٹھنے سے بچو
(36) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ (بخاری 5143)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بدگمانی سے بچو
(37) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِيَّاكُمْ وَالدُّخُولَ عَلَى النِّسَاءِ (بخاری 5232)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا (غیر محرم) عورتوں کے پاس جانے سے دور رہو
(38) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِيَّاكُمْ وَكَثْرَةَ الْحَلِفِ فِي الْبَيْعِ (مسلم 1607)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تجارت میں کثرت سے قسم کھانے سے بچو
(39) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِيَّاكُمْ وَالشُّحَّ (ابوداؤد 1698)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بخل سے بچو

(40)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِيَّاكُمْ وَالْكَذِبَ (ابوداؤد4989)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جھوٹ سے بچو
(41)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِيَّاكُمْ وَسُوْءَ ذَاتِ الْبَيْنِ فَإِنَّهَا الْحَالِقَةُ (ترمذی2508)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا آپس میں پھوٹ اور بغض وعداوت کی برائی سے بچو کیونکہ یہ (دین کو) مونڈنے والی ہے
(42)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِيَّاكُمْ وَكَثْرَةَ الْحَدِيْثِ عَنِّيْ (ابن ماجہ35)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھ سے بکثرت (جھوٹی) حدیثیں بیان کرنے سے اجتناب کرو
(43)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِيَّاكُمْ وَالْغُلُوَّ فِي الدِّيْنِ (ابن ماجہ3029)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دین میں غلو سے بچو
(44)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِيَّاكُمْ وَالتَّمَادُحَ فَإِنَّهُ الذَّبْحُ (ابن ماجہ3743)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ایک دوسرے کی تعریف سے پرہیز کرو یہ ذبح کرنے کے برابر ہے
(45)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِيَّاكُمْ وَالْأُمُوْرَ الْمُحْدَثَاتِ (ابن ماجہ42)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا (دین میں) نئے امور (داخل کرنے) سے بچو
(46)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلْحَيَاءُ مِنَ الْإِيمَانِ (بخاری6118)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا حیاء ایمان میں سے ہے
(47)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلْحَيَاءُ خَيْرٌ كُلُّهُ (مسلم37)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا حیاء سراسر خیر ہے

(48)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ (بخاری6056)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا چغل خور جنت میں نہیں جائے گا
(49)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوقٌ، وَقِتَالُهُ كُفْرٌ (صحیح بخاری48)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مسلمان کو گالی دینا گناہ اور اس سے لڑنا کفر ہے
(50)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : كُلُّ أُمَّتِي مُعَافًى إِلَّا الْمُجَاهِرِيْنَ (صحیح بخاری6069)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری تمام امت کو معاف کیا جائے گا سوائے گناہوں کو کھلم کھلا کرنے والوں کے
(51)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا تُقْبَلُ صَلَاةٌ بِغَيْرِ طُهُوْرٍ (مسلم224)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا نماز پاکیزگی کے بغیر قبول نہیں ہوتی
(52)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مِفْتَاحُ الصَّلَاةِ اَلطُّهُوْرُ (سنن ابی داود61)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا نماز کی کنجی وضو ہے
(53)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا وُضُوْءَ إِلَّا مِنْ صَوْتٍ أَوْ رِيْحٍ (سنن ترمذی74)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا وضو (لازم) نہیں جب تک کہ آواز یا بُو نہ آئے
(54)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ مَسَّ ذَكَرَهُ فَلْيَتَوَضَّأْ (سنن ابی داود181)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو اپنا عضو تناسل چھوئے وہ وضو کرے

(55) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِذَا شَرِبَ أَحَدُكُمْ فَلَا يَتَنَفَّسْ فِي الْإِنَاءِ (بخاری 153)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی ایک پیئے تو برتن میں سانس نہ لے
(56) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّمَا أَنَا لَكُمْ مِثْلُ الْوَالِدِ لِوَلَدِهِ، أُعَلِّمُكُمْ (ابن ماجہ 313)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں تمہارے لیے اس طرح ہوں جس طرح اولاد کے لیے باپ ہوتا ہے (اسی لیے) میں تمہیں تعلیم دیتا ہوں
(57) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِذَا أَتَيْتُمُ الْغَائِطَ فَلَا تَسْتَقْبِلُوا الْقِبْلَةَ، وَلَا تَسْتَدْبِرُوْهَا (ابن ماجہ 313)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم قضائے حاجت کے لیے جاؤ تو قبلہ کی طرف منہ نہ کرو اور اس کی طرف پیٹھ بھی نہ کرو
(58) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ (بخاری 5984)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جنت میں تعلق توڑنے والا داخل نہیں ہوگا
(59) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلَّا مُؤْمِنٌ (بخاری 6606)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جنت میں صرف مؤمن داخل ہوگا
(60) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ بِاللّٰهِ مَنْ بَدَأَهُمْ بِالسَّلَامِ (ابوداؤد 5197)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا لوگوں میں اللہ کے ہاں سب سے زیادہ قریب وہ شخص ہے جو انہیں سلام کہنے میں ابتدا کرے

(61) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا يُجْلَسُ بَيْنَ رَجُلَيْنِ إِلَّا بِإِذْنِهِمَا (ابوداود 4844)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دو آدمیوں کے درمیان گھس کر مت بیٹھا جائے سوائے اس کے کہ وہ اجازت دے دیں
(62) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : خَيْرُ الْمَجَالِسِ أَوْسَعُهَا (ابوداود 4820)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بہترین مجلس وہ ہے جو وسیع اور کھلی ہو
(63) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ فَحَمِدَ اللهَ، فَشَمِّتُوْهُ، فَإِنْ لَمْ يَحْمَدِ اللهَ، فَلَا تُشَمِّتُوْهُ (مسلم 2992)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو اللہ کی تعریف کرے (الحمدلله کہے) تو اس کا جواب دو (يَرْحَمُكَ اللّٰهُ کہے) اور اگر وہ اللہ کی تعریف نہ کرے تو اس کا جواب نہ دو
(64) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِذَا تَثَاءَبَ أَحَدُكُمْ فَلْيُمْسِكْ بِيَدِهِ (مسلم 2995)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کسی کو جمائی آئے تو اپنے ہاتھ سے روکے
(65) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ أَحَبَّ أَسْمَائِكُمْ إِلَى اللهِ عَبْدُ اللهِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ (مسلم 2132)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ کے نزدیک تمہارے پسندیدہ نام عبد اللہ اور عبدالرحمان ہیں
(66) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا يَرْحَمُ اللهُ مَنْ لَا يَرْحَمُ النَّاسَ (بخاری 7376)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا اللہ بھی اس پر رحم نہیں کرتا

(67)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا تُنْزَعُ الرَّحْمَةُ إِلَّا مِنْ شَقِيٍّ (ترمذی1923)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا صرف بدبخت ہی (کے دل سے) رحمت (شفقت ختم کی جاتی ہے
(68)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلرَّاحِمُوْنَ يَرْحَمُهُمُ الرَّحْمٰنُ (ترمذی1924)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا رحم کرنے والوں پر رحمان رحم کرتا ہے
(69)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِرْحَمُوْا مَنْ فِي الْأَرْضِ يَرْحَمْكُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ (ترمذی1924)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تم لوگ زمین والوں پر رحم کرو تم پر آسمان والا رحم کریگا
(70)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلرَّحِمُ شُجْنَةٌ مِنَ الرَّحْمٰنِ (ترمذی1924)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا رحم رحمان سے مشتق (نکلا) ہے
(71)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : خَيْرُ الْأَصْحَابِ عِنْدَ اللهِ خَيْرُهُمْ لِصَاحِبِهِ (ترمذی1944)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اللہ کے نزدیک سب سے بہتر دوست وہ ہے جو لوگوں میں اپنے دوست کے لیے بہتر ہو
(72)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : خَيْرُ الْجِيْرَانِ عِنْدَ اللهِ خَيْرُهُمْ لِجَارِهِ (ترمذی1944)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اللہ کے نزدیک سب سے بہتر پڑوسی وہ ہے جو اپنے پڑوسی کے لیے بہتر ہو

(73)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَوَّلُ خَصْمَيْنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ جَارَانِ (مسند احمد 17372)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا روزِ قیامت سب سے پہلے دو پڑوسیوں کا مقدمہ پیش ہوگا
(74)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا يَحِلُّ لِرَجُلٍ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ (بخاری 6077، مسلم 2560)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کسی شخص کے لیے حلال نہیں ھے کہ وہ اپنے (مسلمان) بھائی سے تین دن سے زائد ملاقات کرنا (ناراضگی کی حالت میں) چھوڑ دے
(75)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَيْسَ الْكَذَّابُ الَّذِي يُصْلِحُ بَيْنَ النَّاسِ (بخاری 2692، مسلم 2605)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا لوگوں کے درمیان صلح کرانے والا شخص جھوٹا نہیں ہے
(76)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ هَجَرَ أَخَاهُ سَنَةً فَهُوَ كَسَفْكِ دَمِهِ (ابوداود 4915)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس شخص نے اپنے بھائی سے ایک سال تک قطع تعلق رکھا (اس کا یہ طرز عمل) اس کے خون کرنے کے مترادف ہے
(77)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : كَفَىٰ بِالْمَرْءِ إِثْمًا أَنْ يُحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ (ابوداود 4992)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا آدمی کے گناہگار ہونے کے لیے یہی کافی ہے کہ وہ ہر سنی سنائی بات بیان کردے
(78)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا يُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ وَاحِدٍ مَرَّتَيْنِ (بخاری 6133، مسلم 2998)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مؤمن ایک سوراخ سے دو مرتبہ نہیں ڈسا جاتا

(79) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ اللهَ رَفِيْقٌ يُحِبُّ الرِّفْقَ (بخاری 6927، مسلم 2593)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یقیناً اللہ تعالیٰ نرمی کرنے والا ہے اور نرمی کو پسند کرتا ہے
(80) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ حُرِمَ الرِّفْقَ، حُرِمَ الْخَيْرَ (مسلم 2592)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نرمی سے محروم شخص (ہر قسم کی) خیر و بھلائی سے محروم ہے
(81) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلظُّلْمُ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ (بخاری 2447، مسلم 2579)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ظلم روز قیامت کئی اندھیروں کا باعث ہوگا
(82) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللهُ بِهِ (بخاری 6499، مسلم 2987)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص شہرت کی خاطر کوئی عمل کرتا ہے (قیامت کے دن) اللہ اس شخص (لوگوں کے سامنے) ذلیل فرمائے گا
(83) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ يُرَائِيْ يُرَائِيْ اللهُ بِهِ (بخاری 6499، مسلم 2987)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص دکھلاوے کے لیے کوئی عمل کرتا ہے اللہ اسے (لوگوں کو) دکھلادے گا
(84) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةَ كَهَاتَيْنِ (بخاری 6504، مسلم 2951)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں اور قیامت ان دونوں (انگلیوں) کی طرح بھیجے گئے ہیں
(85) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّكُمْ مَحْشُوْرُوْنَ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا (بخاری 3349، مسلم 2860)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تم ننگے پاؤں، ننگے بدن، اور بے ختنہ اٹھائے جاؤ گے

(86)قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لاَ تُخَیِّرُوْا بَیْنَ الأَنْبِیَاءِ (بخاری2412، مسلم2374)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا انبیاء کو ایک دوسرے پر برتری نہ دو
(87)قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: بُعِثْتُ بِجَوَامِعِ الْکَلِمِ (بخاری2977، مسلم523)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے جوامع الکلم کے ساتھ مبعوث کیا گیا ہے
(88)قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِيْ أَسْمَاءً، أَنَا مُحَمَّدٌ، وَأَنَا أَحْمَدُ (بخاری4896، مسلم2354)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میرے بہت سے نام ہیں میں محمد، احمد ہوں
(89)قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: لاَ تَسُبُّوْا أَصْحَابِيْ (بخاری3673، مسلم2541)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میرے ساتھیوں کو گالی مت دو
(90)قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: خَیْرُ أُمَّتِيْ قَرْنِيْ (بخاری3650، مسلم2535)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری امت کا سب سے بہترین زمانہ میرا زمانہ ہے
(91)قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: إِذَا لَمْ تَسْتَحْيِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ (بخاری6120)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تو حیا نہیں کرتا تو پھر جو چاہے تو کر
(92)قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مِنْ خِیَارِکُمْ أَحْسَنَکُمْ أَخْلاَقًا (بخاری3559)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سب سے بہتر شخص وہ جو اخلاق میں سب سے اچھا ہو

(93)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ خِيَارَكُمْ أَحْسَنُكُمْ قَضَاءً (بخاری2393)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سب سے بہتر شخص وہ جو قرض ادا کرنے میں سب سے اچھا ہو
(94)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : كُنْ فِي الدُّنْيَا كَأَنَّكَ غَرِيْبٌ أَوْ عَابِرُ سَبِيْلٍ (بخاری6416)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دنیا میں اس طرح رہو گویا کہ پردیسی یا مسافر ہو
(95)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ (مسلم2553)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا نیکی اچھا اخلاق ہے
(96)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : قَدْ أَفْلَحَ مَنْ أَسْلَمَ (مسلم1054)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے اطاعت کی وہ کامیاب ہو گیا
(97)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْعَبْدَ التَّقِيَّ، الْغَنِيَّ، الْخَفِيَّ (مسلم2965)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یقیناً اللہ تعالیٰ ایسے شخص سے محبت کرتا ہے جو پرہیزگار، بے نیاز اور گمنام ہو
(98)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ اللّٰهَ لَيُبْغِضُ الْفَاحِشَ الْبَذِيْءَ (ترمذی2002)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یقیناً اللہ تعالیٰ بدزبان اور بے ہودہ باتیں کرنے والے کو ناپسند کرتا ہے
(99)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ الْغَضَبَ مِنَ الشَّيْطَانِ (ابوداؤد4784)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یقیناً غصہ شیطان کی طرف سے ہے

حدیث	ترجمہ
(100) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : عُمْرُ أُمَّتِي مِنْ سِتِّيْنَ سَنَةً إِلٰى سَبْعِيْنَ سَنَةً (ترمذی 2331)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری امت کی عمر ساٹھ (60) اور ستر (70) کے درمیان ہے
(101) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِحْفَظِ اللّٰهَ يَحْفَظْكَ (ترمذی 2516)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تو اللہ کی (احکام الٰہی) حفاظت کر اللہ تیری حفاظت کرے گا
(102) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِحْفَظِ اللّٰهَ تَجِدْهُ تُجَاهَكَ (ترمذی 2516)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تو اللہ کے (حقوق) کا خیال رکھ تو اسے اپنے سامنے پائے گا
(103) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِذَا سَأَلْتَ فَاسْأَلِ اللّٰهَ (ترمذی 2516)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تو سوال کرے تو صرف اللہ سے سوال کر
(104) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِذَا اسْتَعَنْتَ فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ (ترمذی 2516)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تو مدد مانگے تو صرف اللہ سے مدد مانگ
(105) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا بَأْسَ بِالْغِنٰى لِمَنِ اتَّقٰى (ابن ماجہ 2141)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص اللہ سے ڈرتا ہو اس کے لیے مال داری میں کوئی مضائقہ نہیں ہے
(106) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ صَلّٰى يُرَائِيْ فَقَدْ أَشْرَكَ (مسند احمد 17140)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص دکھلاوے کے لیے نماز پڑھتا ہے اس نے شرک کیا

(107)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ صَامَ يُرَائِيْ فَقَدْ أَشْرَكَ (مسند احمد17140)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص دکھلاوے کے لیے روزہ رکھتا ہے اس نے شرک کیا
(108)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ تَصَدَّقَ يُرَائِيْ فَقَدْ أَشْرَكَ (مسند احمد17140)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص دکھلاوے کے لیے صدقہ کرتا ہے اس نے شرک کیا
(109)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ أَخْوَفَ مَا أَخَافُ عَلَيْكُمُ اَلشِّرْكُ الْأَصْغَرُ (مسند احمد23636)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے تمہارے متعلق شرک اصغر کا سب سے زیادہ اندیشہ ہے
(110)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لاَ تَمَسُّ النَّارُ مُسْلِمًا رَآنِيْ أَوْ رَأٰى مَنْ رَآنِيْ (ترمذی3858)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جہنم کی آگ اس مسلمان کو نہیں چھوئے گی جس نے مجھے یا اس کو دیکھا جس نے مجھے (حالت ایمان میں) دیکھا ہو
(111)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : يُبْعَثُ كُلُّ عَبْدٍ عَلٰى مَا مَاتَ عَلَيْهِ (مسلم2878)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر بندہ اپنے آخری عمل پر اٹھایا جائے گا جس پر وہ فوت ہوا
(112)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلْخِلاَفَةُ فِيْ أُمَّتِيْ ثَلاَثُوْنَ سَنَةً (ترمذی2226)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری امت میں خلافت 30 سال ہو گی

(113) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ السَّعِيْدَ لَمَنْ جُنِّبَ الْفِتَنَ (ابوداود 4263)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو فتنوں سے بچالیا گیا وہ سعادت مند ہے
(114) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ كَذَّابِيْنَ فَاحْذَرُوْهُمْ (مسلم 1822)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یقیناً قیامت سے پہلے جھوٹے ہونگے ان سے محتاط رہنا
(115) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَوَّلُ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ فَنَارٌ تَحْشُرُ النَّاسَ مِنَ الْمَشْرِقِ إِلَى الْمَغْرِبِ (بخاری 3329)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا قیامت کی نشانیوں میں سے پہلی نشانی آگ ہے جو لوگوں کو مشرق سے مغرب کی طرف جمع کرے گی
(116) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَتَقَارَبَ الزَّمَانُ (ترمذی 2332)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا قیامت قائم نہیں ہوگی حتی کہ زمانہ قریب آجائے
(117) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى لَا يُقَالَ فِي الْأَرْضِ: اَللّٰهُ، اَللّٰهُ (مسلم 148)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا قیامت قائم نہیں ہوگی حتی کہ زمین پر اللہ، اللہ کہنے والا کوئی نہ رہے
(118) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ، إِلَّا عَلٰى شِرَارِ النَّاسِ (مسلم 2949)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا قیامت بدترین لوگوں پر قائم ہوگی

عربی	اردو
(119)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلْعِبَادَةُ فِي الْهَرْجِ كَهِجْرَةٍ إِلَيَّ (مسلم2948)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر طرف پھیلی ہوئی قتل وغارت گری کے دوران میں عبادت (پر توجہ مرکوز) کرنا میری طرف ہجرت کرنے کی طرح ہے
(120)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ، وَجَنَّةُ الْكَافِرِ (مسلم2956)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دنیا مؤمن کے لیے قید خانہ اور کافر کے لیے جنت ہے
(121)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : شَفَاعَتِيْ لأَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ أُمَّتِيْ (ترمذی2435)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری شفاعت میری امت کے ان افراد کے لیے ہے جو کبیرہ گناہ کرتے ہیں
(122)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : يَدْخُلُ الْجَنَّةَ أَقْوَامٌ أَفْئِدَتُهُمْ مِثْلُ أَفْئِدَةِ الطَّيْرِ (مسلم2840)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جنت میں کچھ ایسے لوگ داخل ہونگے جن کے دل پرندوں کے دل کی طرح ہونگے
(123)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَيْحَانُ وَجَيْحَانُ، وَالْفُرَاتُ وَالنِّيْلُ كُلٌّ مِنْ أَنْهَارِ الْجَنَّةِ (مسلم2839)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سیحان ، جیحان، فرات اور نیل سب جنت کی نہریں ہیں
(124)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَا فِي الْجَنَّةِ شَجَرَةٌ إِلاَّ وَسَاقُهَا مِنْ ذَهَبٍ (ترمذی2525)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جنت کے درختوں کے تنے سونے کے ہوں گے

(125)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : فِي الْجَنَّةِ مِائَةُ دَرَجَةٍ مَا بَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ مِائَةُ عَامٍ (ترمذی2529)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جنت میں سو(100) درجے ہیں ہر دو درجوں کے درمیان سو(100) سال کی مسافت ہے
(126)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :ضِرْسُ الْكَافِرِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِثْلُ أُحُدٍ (ترمذی2578)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا روز قیامت کافر کی داڑھ احد پہاڑ جیسی ہو گی
(127)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : كَانَ زَكَرِيَّاءُ نَجَّارًا (مسلم2379)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا زکریا علیہ السلام بڑھئی تھے
(128)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَنَا أَكْثَرُ الْأَنْبِيَاءِ تَبَعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ (مسلم196)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا روز قیامت تمام انبیاء علیہم السلام سے میرے متبعین زیادہ ہوں گے
(129)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :أَنَا أَوَّلُ مَنْ يَقْرَعُ بَابَ الْجَنَّةِ (مسلم196)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جنت کے دروازے پر سب سے پہلے میں دستک دوں گا
(130)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :أَنَا أَوَّلُ شَفِيْعٍ فِي الْجَنَّةِ (مسلم196)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں جنت میں (داخلے کے لیے) سب سے پہلے سفارش کروں گا
(131)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :سَلُوا اللهَ لِيَ الْوَسِيْلَةَ (ترمذی3612)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ سے میرے لیے وسیلہ (جنت میں ایک مقام ہے) کا سوال کرو

(132)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ اللّٰهَ جَعَلَ الْحَقَّ عَلٰى لِسَانِ عُمَرَ وَقَلْبِهِ (ترمذی3682)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے حق کو عمر رضی اللہ عنہ کی زبان اور دل پر جاری کر دیا ہے
(133)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَوْ كَانَ نَبِيٌّ بَعْدِيْ لَكَانَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ (ترمذی3686)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو وہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ہوتے
(134)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ عُثْمَانَ رَجُلٌ حَيِيٌّ (مسلم2402)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا عثمان رضی اللہ عنہ حیادار شخص ہیں
(135)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَا ضَرَّ ابْنُ عَفَّانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ الْيَوْمِ (مسند احمد20630)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا آج کے بعد عثمان رضی اللہ عنہ جو بھی عمل کرے اس کے لیے نقصان دہ نہیں ہوگا
(136)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ: أَمَا تَرْضٰى أَنْ تَكُوْنَ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰى (بخاری3706)	رسول اللہ ﷺ نے علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا کیا تو اس پر راضی نہیں ہے کہ آپ میرے لیے ایسے ہیں جیسے موسیٰ علیہ السلام کے لیے ہارون علیہ السلام تھے
(137)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ: أَنْتَ مِنِّيْ وَأَنَا مِنْكَ (بخاری4251)	رسول اللہ ﷺ نے علی رضی اللہ کو فرمایا تو مجھ سے اور میں تم سے ہوں

(138)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ (ترمذی3713)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں جس کا دوست ہوں علی رضی اللہ عنہ اس کے دوست ہیں
(139)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَبُوْ بَكْرٍ فِي الْجَنَّةِ، وَعُمَرُ فِي الْجَنَّةِ، وَعُثْمَانُ فِي الْجَنَّةِ، وَعَلِيٌّ فِي الْجَنَّةِ، وَطَلْحَةُ فِي الْجَنَّةِ وَالزُّبَيْرُ فِي الْجَنَّةِ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ فِي الْجَنَّةِ، وَسَعْدٌ فِي الْجَنَّةِ، وَسَعِيْدٌ فِي الْجَنَّةِ، وَأَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ فِي الْجَنَّةِ (ترمذی3747)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ابو بکر، عمر، عثمان، علی، طلحہ، زبیر، عبد الرحمان بن عوف، سعد بن ابی و قاص، سعید بن زید اور ابو عبیدہ بن جراح (رضوان اللہ علیہم اجمعین) جنت میں ہیں
(140)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ لَهُ مُرْضِعًا فِي الْجَنَّةِ (بخاری1382)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یقیناً (ابراہیم بن محمد الرسول اللہ ﷺ) کے لیے جنت میں ایک دودھ پلانے والی ہے
(141)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِنِّيْ (بخاری3767)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا فاطمہ رضی اللہ عنہا میرے جگر کا ٹکڑا ہے
(142)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : رَأَيْتُ جَعْفَرًا يَطِيْرُ فِي الْجَنَّةِ مَعَ الْمَلَائِكَةِ (ترمذی3763)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں نے جعفر کو جنت میں فرشتوں کے ساتھ پرواز کرتے ہوئے دیکھا

(143)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ سَيِّدَا شَبَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ (ترمذی3768)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا حسن و حسین رضی اللہ عنہما جنت کے نوجوانوں کے سردار ہیں
(144)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ هُمَا رَيْحَانَتَايَ مِنَ الدُّنْيَا (ترمذی3770)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا حسن و حسین رضی اللہ عنہما دنیا میں میرے دو پھول ہیں
(145)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : خَيْرُ نِسَائِهَا مَرْيَمُ ابْنَةُ عِمْرَانَ ، وَخَيْرُ نِسَائِهَا خَدِيْجَةُ (بخاری3432)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بہترین عورت (اپنے زمانے میں) مریم بنت عمران ہے اور (اس زمانے میں) خدیجہ بنت خویلد رضی اللہ عنہا ہیں
(146)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِهْتَزَّ الْعَرْشُ لِمَوْتِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ (بخاری3803)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی وفات پر عرش ہل گیا تھا
(147)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : آيَةُ الإِيْمَانِ حُبُّ الأَنْصَارِ ، وَآيَةُ النِّفَاقِ بُغْضُ الأَنْصَارِ (بخاری17)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا انصار سے محبت ایمان کی علامت ہے اور عداوت کرنا نفاق کی نشانی ہے
(148)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْإِيْمَانِ (مسلم223)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا پاکیزگی ایمان کا حصہ ہے

(149)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَأُ الْمِيْزَانَ (مسلم223)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا لفظ الْحَمْدُ لِلَّهِ میزان کو بھر دیتا ہے
(150)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَآنِ (مسلم223)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سُبْحَانَ اللهِ اور الْحَمْدُ لِلَّهِ یہ دونوں کلمات میزان کو بھر دیتے ہیں
(151)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :اَلصَّلَاةُ نُوْرٌ (مسلم223)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا نماز روشنی ہے
(152)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلصَّدَقَةُ بُرْهَانٌ (مسلم223)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا صدقہ. برھان (دلیل) ہے
(153)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :اَلصَّبْرُ ضِيَاءٌ (مسلم223)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا صبر روشنی ہے
(154)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلْقُرْآنُ حُجَّةٌ لَكَ أَوْ عَلَيْكَ (مسلم223)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قرآن مجید تیرے لیے دلیل یا تیرے خلاف دلیل ہو گا
(155)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلتَّسْبِيْحُ نِصْفُ الْمِيْزَانِ (ترمذی3518)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سُبْحَانَ اللهِ کہنا نصف میزان ہے
(156)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلصَّوْمُ نِصْفُ الصَّبْرِ (ترمذی3518)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا روزہ آدھا صبر ہے

(157)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :لَا تَسْتَنْجُوْا بِالرَّوْثِ، وَلَا بِالْعِظَامِ (ترمذی18)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا گوبر اور ہڈی کے ساتھ استنجانہ کرو
(158)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :وَيْلٌ لِلْأَعْقَابِ مِنَ النَّارِ (مسلم241)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا خشک ایڑیوں کے لیے جہنم کی آگ ہے
(159)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيْهِ صُوْرَةٌ وَلَا كَلْبٌ (ابوداود227)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس گھر میں تصویر اور کتا ہو (رحمت کے) فرشتے داخل نہیں ہوتے
(160)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ بَيْنَ الرَّجُلِ وَبَيْنَ الشِّرْكِ وَالْكُفْرِ تَرْكَ الصَّلَاةِ (مسلم82)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا آدمی اور شرک وکفر کے درمیان فرق نماز کا چھوڑنا ہے
(161)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ تَرَكَ صَلَاةَ الْعَصْرِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُ (بخاری553)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس شخص نے نماز عصر چھوڑ دی تو اس کا عمل ضائع ہو گیا
(162)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ صَلَّى الْبَرْدَيْنِ دَخَلَ الْجَنَّةَ (بخاری574)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص دو ٹھنڈی نمازیں (فجر، عصر) پڑھے گا جنت میں داخل ہو گا

(163)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :مَنْ صَلَّى الصُّبْحَ فَهُوَ فِي ذِمَّةِ اللهِ (مسلم657)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص نماز فجر پڑھتا ہے وہ اللہ کے عہد و پیمان میں ہے
(164)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلْمُؤَذِّنُوْنَ أَطْوَلُ النَّاسِ أَعْنَاقًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ (مسلم387)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا روز قیامت مؤذنین کی گردنیں سب سے لمبی ہوں گی
(165)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :اَلْإِمَامُ ضَامِنٌ، وَالْمُؤَذِّنُ مُؤْتَمَنٌ (ترمذی207)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا امام (نماز کا) ضامن ہے اور مؤذن (اوقت نماز کا) امانت دار ہے
(166)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :اَلدُّعَاءُ لَا يُرَدُّ بَيْنَ الْأَذَانِ وَالْإِقَامَةِ (ترمذی212)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اذان و اقامت کے درمیان دعا رد نہیں کی جاتی
(167)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ لَمْ يَشْكُرِ النَّاسَ لَمْ يَشْكُرِ اللهَ (ترمذی1955)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس نے لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کیا اس نے اللہ کا بھی شکریہ ادا نہیں کیا
(168)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : ثَلَاثٌ لَا تُرَدُّ: اَلْوَسَائِدُ، وَالدُّهْنُ، وَاللَّبَنُ (ترمذی2790)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تین چیزیں واپس نہیں کرنی تکیہ، تیل اور دودھ
(169)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرَقُ النَّارِ (دارمی2643)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مسلمان کی گم شدہ چیز (کا استعمال) آگ کا شعلہ ہے

(170) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَنَا أَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ (بخاری 2298)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں مؤمنوں کا ان کی نفسوں سے بھی زیادہ حق دار ہوں
(171) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ الدُّنْيَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ (مسلم 2742)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یقیناً دنیا شیریں اور سرسبز وشاداب ہے
(172) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلدُّنْيَا مَتَاعٌ (مسلم 1467)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا دنیا سامان ہے
(173) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَمْ نَرَ لِلْمُتَحَابَّيْنِ مِثْلُ النِّكَاحِ (ابن ماجہ 1847)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہم نے نکاح کی مثل باہم محبت کرنے والے نہیں دیکھے
(174) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لاَ نِكَاحَ إِلاَّ بِوَلِيٍّ (ترمذی 1101)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا
(175) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ اللّٰهَ لاَ يَسْتَحْيِيْ مِنَ الْحَقِّ (ترمذی 122)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ حق بیان کرنے سے نہیں شرماتا
(176) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَبْغَضُ الْحَلاَلِ إِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى اَلطَّلاَقُ (ابوداؤد 2178)	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا حلال چیزوں میں سے اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ ناپسندیدہ چیز طلاق ہے

(177) لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُحِلَّ، وَالْمُحَلَّلَ لَهُ (دارمی2263)	رسول اللہ ﷺ نے حلالہ کرنے اور کروانے والے پر لعنت فرمائی ہے
(178) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَرْغَبُوْا عَنْ آبَائِكُمْ (بخاری6768)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اپنے باپ دادوں سے اعراض نہ کرو
(179) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَمَنْ رَغِبَ عَنْ أَبِيْهِ فَهُوَ كُفْرٌ (بخاری6768)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے اپنے باپ سے اعراض کیا اس نے کفر کیا
(180) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِيْ فَلَيْسَ مِنِّيْ (بخاری5063)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے میری سنت سے اعراض کیا وہ مجھ سے نہیں ہے
(181) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَحْلِفُوْا بِالطَّوَاغِيْ، وَلَا بِآبَائِكُمْ (مسلم1648)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا طاغوت (بت)، اور اپنے باپ دادا کی قسم نہ اٹھاؤ
(182) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَفَّارَةُ النَّذْرِ كَفَّارَةُ الْيَمِيْنِ (مسلم1645)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا نذر کا کفارہ قسم کا کفارہ ہے
(183) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا نَذْرَ فِيْ مَعْصِيَةِ اللهِ (ترمذی1525)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ کی نافرمانی کی کوئی نذر نہیں ہے

(184)قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ :لَزَوَالُ الدُّنْیَا أَھْوَنُ عَلَی اللّٰہِ مِنْ قَتْلِ رَجُلٍ مُسْلِمٍ (ترمذی1395)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے ہاں پوری دنیا کا تباہ ہونا ایک مسلمان آدمی کے قتل کے مقابلے میں زیادہ آسان ہے
(185)قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ :أَوَّلُ مَا یُقْضٰی بَیْنَ النَّاسِ فِي الدِّمَاءِ (بخاری6864)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سب سے پہلے لوگوں کے درمیان (قیامت کے دن) خون کے بارے میں فیصلہ کیا جائے گا
(186)قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : إِذَا ضَرَبَ أَحَدُکُمْ فَلْیَتَّقِ الْوَجْہَ (ابوداؤد4493)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی مارے تو چہرے پر مارنے سے بچے
(187)قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : کُلُّ مُسْکِرٍ خَمْرٌ، وَکُلُّ مُسْکِرٍ حَرَامٌ (مسلم2003)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر نشہ آور چیز شراب ہے اور ہر نشہ آور چیز حرام ہے
(188)قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ :کُلُّ شَرَابٍ أَسْکَرَ فَھُوَ حَرَامٌ (بخاری5586)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر نشہ آور مشروب حرام ہے
(189)قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ :مَا أَسْکَرَ کَثِیْرُہُ فَقَلِیْلُہُ حَرَامٌ (ترمذی1865)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس کی زیادہ مقدار نشہ آور ہو اس کی کم مقدار بھی حرام ہے

(190)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَا أَسْكَرَ الفَرَقُ مِنْهُ فَمِلْءُ الكَفِّ مِنْهُ حَرَامٌ (ترمذی1866)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس چیز کا ایک فرق (16 رطل) کی مقدار بھر نشہ پیدا کردے اس کی مٹھی بھر مقدار بھی حرام ہے
(191)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَنْ يُفْلِحَ قَوْمٌ وَلَّوْا أَمْرَهُمُ اِمْرَأَةً (بخاری4425)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو قوم اپنے معاملات عورت کے سپرد کردیں وہ کبھی بھی کامیاب نہیں ہوگی
(192)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : يَسِّرُوْا وَلاَ تُعَسِّرُوْا، وَبَشِّرُوْا، وَلاَ تُنَفِّرُوْا (بخاری69)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا آسانی کرو اور سختی نہ کرو اور خوش کرو اور نفرت نہ دلاؤ
(193)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يَوْمَ القِيَامَةِ يُعْرَفُ بِهِ (بخاری3186)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن ہر عہد شکن کے لیے ایک جھنڈا ہوگا جس سے اس کو پہچانا جائے گا
(194)لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلرَّاشِيْ وَالْمُرْتَشِيْ (ابوداؤد3580)	رسول اللہ ﷺ نے رشوت دینے اور لینے والے پر لعنت فرمائی ہے
(195)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : إِنَّ أَبْوَابَ الْجَنَّةِ تَحْتَ ظِلَالِ السُّيُوْفِ (مسلم1902)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جنت کے دروازے تلوار کے سائے تلے ہیں

(196)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لاَ هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ (بخاری2783)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا فتح (مکہ) کے بعد کوئی ہجرت نہیں ہے
(197)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فِي سَبِيْلِ اللهِ فَقَدْ غَزَا (بخاری2843)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے اللہ کی راہ میں کسی مجاہد کو تیار کیا تو اس نے بھی جہاد کیا
(198)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلْبَرَكَةُ فِيْ نَوَاصِي الْخَيْلِ (بخاری2851)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا گھوڑوں کی پیشانی میں برکت ہے
(199)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : قَفْلَةٌ كَغَزْوَةٍ (ابوداؤد2487)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا (جہاد سے) واپس آنا جہاد کی طرح ہی ہے
(200)قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلْجَرَسُ مَزَامِيْرُ الشَّيْطَانِ (مسلم2114)	رسول اللہ ﷺ نے فرمایا گھنٹی شیطان کا ساز ہے

خيركم من تعلم القرآن وعلمه